# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی و علوم اسلامیہ
(شعبہ قرآن و تفسیر)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: فہم قرآن-I (9489) سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی۔ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالبِ علم ہی ہو گا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر: 1 تا 5)

سوال نمبر 1۔ نون ساکن اور نون تنوین کی ادائیگی کی صورتیں لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ صفاتِ حروف کا مفہوم، اقسام مفصلاً تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ آیت الکرسی کا ترجمہ لکھیے اور اس میں مذکور اللہ تعالیٰ کی صفات کی معنویت واضح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4۔ سورۃ المومنون میں مذکور کامیاب مومنین کے بارے میں آیات کا ترجمہ اور تفسیر تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ سورۃ البقرۃ کی آخری آیات کا ترجمہ، فضیلت اور حاصل ہونے والی ہدایات تحریر کیجیے۔ (20)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر: 6تا9)

سوال نمبر1۔ سورۃ النور سے واقعہ افک سے متعلق آیات کا ترجمہ لکھیے اور موجودہ دور میں اس واقعے سے استفادے کی صورتیں تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ سورۃ یٰس کی آیات ۱تا۱۰ کا ترجمہ لکھیے اور ان آیات کے مضامین مفصلاً تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ سورۃ یٰس کی آیات ۵۱ سے ۶۵ میں مذکور قیامت کی تصویر کشی اور مسلمانوں اور منکرین کی کیفیت تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4۔ سورۃ الملک کی ابتدائی پانچ آیات کا ترجمہ لکھیے اور ان کی روشنی میں قدرت الٰہی اور مشاہدہ کائنات کی دعوت کے بارے میں نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کے آثار پر سورۃ الملک کی روشنی میں جائزہ پیش کیجیے۔ (20)